دینش پکچرز کا پیش کردہ

नजराना

نذرانہ

اداکاران

راجکپور ۔ ویجنتی مالا ۔ اوشا کرن ۔ آغا

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

نذرانہ کے گانے

گانا نمبر ۱

لڑکی:۔ میرے پیچھے ایک دیوانہ
کچھ البیلا مستانہ
کوئی روکے رے مجھ کو ستاتا ہے
لڑکا:۔ میرے آگے ایک دیوانی
ہے جس کا نام جوانی
کوئی دیکھے رے دل کو چراتا ہے
لڑکی:۔ پہلے جو دل تیرا گیا ہے قصور میرا
چھوڑو جی چھوڑو دیکھا
اب تو قصور میرا
لڑکا:۔ ایسی اداؤں پر تو کوئی لٹ جائے ہے
ایسی بھی جلدی کیا ہے
ہم کو بھی سا تھ لے لو
جانے دو غصہ اب تو، ہاتھوں میں ہاتھ لے لو
لڑکی:۔ دیکھو دیوانہ کیسی نینا ں بنائے ہے
مجھ میں جناب بولو
ایسی کیا بات ہے
لڑکا:۔ گالوں میں دن دیکھا بالوں میں رات دیکھی
لڑکی:۔ ایسے نہ دیکھو میرا جیا گھبرائے ہے

گانا نمبر ۲

لڑکا:۔ بکھرا کے زلفیں چمن میں نہ جانا

لڑکی :۔ کیوں
لڑکا :۔ اس لئے کہ شرما نہ جائے پھولوں کے سائے
لڑکی :۔ محبت کے نغمے تم بھی نہ گانا
لڑکا :۔ کیوں
اس لئے کہ بھنورا تمہاری ہنسی نہ اُڑائے
لڑکی :۔ یہ کلیوں سے پوچھو ہمیں کیا پتہ ہرجائی ہوگا
لڑکا :۔ ہم تو نہیں ہیں
لڑکی کہیں سیکھ لینا نہ ان کی ادا
لڑکا :۔ زباں پر کبھی بات ایسی نہ لانا
لڑکی :۔ کیوں
لڑکا :۔ اس لئے کہ دنیا سے رسمِ وفا مٹ نہ جائے
لڑکی :۔ کہو ساتھ دو گے کہاں تک میرا
لڑکا :۔ وہاں تک جہاں آسماں جھک رہا ہے
بولو چلو گی
لڑکی :۔ جو تم لے چلو گے
لڑکا :۔ کہیں راہ میں ہو نہ جانا جدا
لڑکی :۔ میرا پیار دیکھے گا سارا زمانہ
لڑکا :۔ کیوں
لڑکی :۔ اس لئے کہ وعدے کئے اور کر کے نبھائے

گانا نمبر ۸

دیکھا ہے تم نے جدھر جدھر
مہکے ہیں پھول اُدھر اُدھر
گزرے جہاں جہاں سے تم
رستے سنور سنور گئے

کلیاں پھل پھل گئیں غنچے نکھر نکھر گئے
کہنے لگی بہار بھی
جو تو کبھی آ ڈ گے اِدھر
کتنے دلوں کی آرزو
کتنے دِلوں کا پیار ہو
دیتے ہو بے قراریاں
پھر بھی تم ہی قرار ہو
دِل ہے میرا تمہارا گھر
رہ جاؤ جاؤ گے کہاں

گانا نمبر ۴
ہم نے اپنی شمع بجھا کر
تیری شمع جلا دی ہے
خون ہوا ہے ارمانوں کا
پھر بھی تمہیں دُعا دی ہے
جا منزل کو جانے والے
تیرا ساتھی ساتھ ہے تیرے
پیار ہوا تھا کبھی مجھے بھی
بات وہ میں نے بھلا دی ہے
اک دِن بھیگی شام کو میں نے
جو تصویر بنائی تھی
آج محبت کی وہ نشانی
اپنے آپ مٹا دی ہے

گانا نمبر ۵

میلے ہیں چراغوں کے رنگین دیوالی ہے
مہکا ہوا ہے گلشن ہے
ہنستا ہوا مالی ہے
اس رات کوئی دیکھے
دھرتی کے نظاروں کو
شرماتے ہیں یہ دیپک
آکاش کے تاروں کو
اس رات کا کیا کہنا
یہ رات نرالی ہے
کھا جائے نظر دھوکہ
جگنو ہیں یا پھلجھڑیاں
بارات ہے تاروں کی
یا رنگ بھری لڑیاں
ہونٹوں پہ ترانے ہیں۔ بجتی ہوئی تالی ہے
ہر بار یونہی آئے۔ یہ رات چراغوں کی
رونق نہ کبھی کم ہو۔ مہکے ہوئے باغوں کی
ہر سال ہو ایسی ہی۔ جیسی یہ دیوالی ہے

گانا نمبر ۶

ایک دن تھی دیوالی تھی۔ ایک یہ بھی دیوالی ہے
اجڑا ہوا گلشن ہے۔ روتا ہوا مالی ہے
باہر تو اجالا ہے۔ مگر دل میں اندھیرا
سمجھو نہ اسے رات۔ یہ غم کا سویرا ہے
کیسا دیپ جلائیں ہم۔ تقدیر ہی کالی ہے

ایسے نہ کبھی دیپ کسی دِل کا بجھا ہو
مَیں تو وہ مسافر ہوں ۔ جو رستے میں لٹا ہو
اے موت تو ہی آ جا دِل تیرا سوالی ہے
گانا نمبر ۶
ایک پیاسا تجھے مینا نہ دیئے جاتا ہے
جاتے جاتے بھی یہ نذرانہ دیئے جاتا ہے
بازی کسی نے پیار کی جیتی یا ہار دی
جیسے گزر سکی یہ سب عمر گزار دی
ساحل کرے گا یاد اُسی ناخدا کو
کشتی جو نہی سے جس نے بھنور میں اُتار دی
جب چل پڑے سفر کو تو کیا مڑ کے دیکھنا
دُنیا کا کیا ہے اُس نے صدا بار بار دی
ختم شد

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	فو منچو کا سایہ	4/-/-
" " حصہ دوم	1/4/-	فو منچو کی بیٹی	4/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر فو منچو	3/-/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر فو منچو کا انتقام	3/-/-
خونی نقاب	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی چھری	1/-/-
بہادر گارڈن	1/8/-	تین ڈاکو	1/-/-
جنگی فرشتہ	1/4/-	دو لاشیں	-/12/-
جادوگر جاسوس	1/6/-	خونی کھنڈر	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/4/-	سراغرساں	-/12/-
موت کا منیار	1/4/-	گردش دوراں	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	چلتا پرزہ	1/8/-

سنہرے شہر میں گارڈن 1/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/-	عملیات لشمی کرن	2/-/-
عملیات تسخیر محبوب	1/8/-	اندرجال	1/8/-
عملیات قطب	2/-/-	استاد جادوگراں	3/-/-
مکمل جادوگری	2/8/-	جادو مسمریزم	2/-/-
چین بنگال کا جادو	-/12/-	کالا جادو	4/-/-
کامروپ کا جادو	-/12/-	الو تنتر	3/-/-
رہنما جادوگری	1/4/-	کو تنتر	4/-/-
نقش سلیمانی	1/-/-	نقش روحانی	-/12/-
تعویز سلیمانی	1/-/-	کنز المجربین	2/-/-

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین	2/-/-	قیامت نامہ	-/8/-
قصص الانبیاء	3/-/-	بہشتی زیور اول حصہ	-/12/-
ہزار مسئلہ	-/12/-	مکمل	9/-/-
بہشت کا نظارہ	-/12/-	فسانۂ آدم	-/8/-
شہید کربلا	-/8/-	ضرورت المسلمین	-/6/-
قصۂ حضرت ایوب	-/8/-	جہیز فاطمہ	-/8/-
معراج رسول	-/8/-	نماز کا بھید	-/3/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی